ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(576)

مورخہ 30.10.2023

**بہاولپور(          )پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن، گزشتہ روز مختلف کارروائیوں میں 08 ملزمان گرفتار۔ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب واسلحہ ناجائز برآمد،ملزمان پابند سلاسل۔جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا،ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ صدر احمد پور شرقیہ،تھانہ عنائتی اور تھانہ خیر پور ٹامیوالی پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 05 ملزمان صادق، عابد، رضوان،صفدر حسین اور حسن سلیم کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 140 لیٹر شراب برآمد کر لی۔اسی طرح اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف ایکشن لیتے ہوئے تھانہ مسافر خانہ،تھانہ صدر احمد پور شرقیہ اور تھانہ سٹی یزمان پولیس نے 03 ملزمان طارق، عطا محمد اور شاہد حسین کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 03 عدد پسٹل 30 بور برآمد کر لئے۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا،شراب اور منشیات ایک لعنت ہے،معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کرنا پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس




بہاولپور:پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن،گزشتہ روز مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار بھاری مقدار میں شراب واسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (577)

مورخہ 30.10.2023

**بہاولپور(            )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی ہدایت پر پولیس لائینز بہاولپور میں ایک روزہ اینٹی رائٹ کورس کا انعقاد۔کورس میں ضلع کے مختلف تھانہ جات وگاردات سے پولیس افسران وجوانوں کی شرکت۔**

**محکمانہ ریفریشنز کورسز سے پیشہ ورانہ امور کی انجام دہی کی استعداد کار میں اضافہ ہوتا ہے،ڈی پی او**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی ہدایت پر اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات کی روشنی میں بہاولپور پولیس لائنیز میں ایک روزہ اینٹی رائٹ کورس کا انعقاد کیا گیا ہے،جس میں ضلع کے مختلف تھانہ جات اور گاردات سے آئے پولیس ملازمان کو دور جدید کے حامل ترکش اینٹی رائٹ سامان کے متعلق بریف کیا گیا اور خصوصی ٹریز نے تربیت اور خصوصی لیکچرز دیے۔دوران ریفریشر کورس شرکا کو اس کے اغراض ومقاصد کے بارہ میں آگاہی دی گئی اور اینٹی رائٹ کے متعلق مکمل بریف کیا گیا کہ کسی بھی ہنگامی صورت حال میں ان کا ردعمل کیسا ہونا چاہیے اور ان کو کس طرح کے حفاظتی انتظامات اپنانے چاہئیں۔اس موقع پر جوانوں نے لا اینڈ آرڈر کے حوالے سے مشتعل ہجوم سے نمٹنے ،مجمع خلاف قانون کو منتشر کرنے اور آنسو گیس کے استعمال کا عملی مظاہرہ کیا۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر نے اس حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ہنگامی صورتحال میں متحدرہتے ہوئے منظّم طریقے سے اپنے فرائض سرانجام دینے اور مشتعل ہجوم کو کنڑول کرنے کے ساتھ ساتھ سرکاری املاک کی بھی حفاظت کو یقینی بنایا جاتا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ کورسز سے پیشہ ورانہ امور کی انجام دہی کی استعداد کار میں اضافہ ہوتا ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاولپور:ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی ہدایت پر پولیس لائینز بہاولپور میں ایک روزہ اینٹی رائٹ کورس کا انعقاد۔کورس میں ضلع کے مختلف تھانہ جات وگاردات سے پولیس افسران وجوان عملی مظاہرہ کررہے ہیں